موروں اور ضروری تحریک پیدا ہو جاتی ہے تاکہ انسانی نسل دوسری نسلوں سے ممتاز اور اشرف رہے۔ پھر جب قرأت کی جاتی ہے تو جیسے ہی الفاظ ادا ہوتے ہیں تو روح پوری توانائیوں کے ساتھ صفات الٰہیہ سے اکتساب فیض کرتی ہے اور پورے جسمانی نظام میں اللہ کی صفات الٰہیہ سے اکتساب فیض کرتی ہے اور پورے جسمانی نظام میں اللہ کی صفات اثر انداز ہو جاتی ہیں۔ جسم کا رواں رواں اللہ کی پاکی بیان کرنے میں مشغول ہوتا ہے۔ (Islam & Sciences)

فرائض نماز

سات چیزیں نماز میں فرض ہیں

فرائض وہ چیزیں ہوتی ہیں کہ اس کے ادا کئے بغیر نماز ہوگی ہی نہیں۔ وہ سات چیزیں مندرجہ ذیل ہیں۔

☆ تکبیر تحریمہ ☆ قیام ☆ قرأت ☆ رکوع ☆ سجود ☆ قعدہ اخیرہ ☆ خروج بصنعہ

تکبیر تحریمہ

حقیقتاً یہ شرط نماز ہے مگر چونکہ افعال نماز سے اسکو بہت زیادہ اتصال ہے اسلئے فرائض نماز میں اسکا شمار ہوا۔

تکبیر تحریمہ پر حکم ربی

وذکر اسم ربه فصلی۔ (سورۃ الاعلیٰ پارہ نمبر ۳۰ آیت نمبر ۱۵)

ترجمہ کنزالایمان: "اور اپنے رب کا نام لے کر نماز پڑھی"۔

تکبیر تحریمہ پر حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

تکبیر تحریمہ پر کئی احادیث منقول ہیں حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ اکبر سے نماز شروع

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http //www NooreMadinah net

کی ان میں ایک حدیث یہ ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ نے تکبیر کہی اور انگوٹھے اپنے کانوں کے مقابل کر لئے۔ (بخاری مسلم وبیہقی جاء الحق حصہ دوم)

تکبیر تحریمہ کی تعریف

نماز شروع کرتے وقت جو اللہ اکبر کہا جاتا ہے اسے تکبیر تحریمہ کہتے ہیں۔

تکبیر تحریمہ کا درست طریقہ

☆ عورتوں کے لئے تکبیر تحریمہ کا درست طریقہ یہ ہے کہ عورت اس طرح کھڑی ہو کہ دونوں قدموں کے درمیان چار انگل کا فاصلہ ہو۔

☆ نیت کرنے کے بعد دونوں ہاتھ کاندھوں تک اٹھائیں اس طرح کہ ہتھیلیاں قبلہ رخ ہوں انگلیاں اپنے حال پر ہوں۔

☆ ہاتھوں کو چادر سے باہر نہ نکالیں۔

☆ اللہ اکبر کہتے ہوئے دونوں ہاتھ سینے پر چھاتی کے نیچے اس طرح رکھیں کہ بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت پر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی ہو۔

☆ اللہ اکبر کہتے ہوئے سر نہ جھکائیں نہ آسمان کی طرف نظریں بلند کریں۔

مسائل ضروریہ

تکبیر تحریمہ کہتے ہوئے لفظ اللہ یا اکبر کو آکبر یا اکبار کہا تو نماز نہ ہوگی بلکہ اگر ان کے معنی فاسد سمجھ کر کہے تو کافر ہو جائے۔ عورتوں کو بھی اندیشہ ہے۔ (درمختار)

☆ تکبیر کی جگہ دوسرے الفاظ جو خاص تعظیم الٰہی کے ہوں مثلاً اللہ اجل، اللہ اعظم، اللہ الرحمن وغیرہ ذکر صحیح کے ساتھ اگر نماز کی ابتداء کی تو یہ تبدیلی مکروہ تحریمی ہے۔ (عالمگیری درمختار)

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http://www.NooreMadinah.net

☆ اگر بطور تعجب اللہ اکبر کہا یا موذن کے جواب میں کہا اور اسی تکبیر سے نماز پڑھی تو نماز نہ ہوئی۔ (درمختار)

تکبیر تحریمہ پر سائنسی تحقیق:

☆ جب تکبیر تحریمہ میں ہاتھ کاندھوں تک اٹھائے جاتے ہیں تو بازوں گردن کے پٹھوں اور شانوں کے پٹھوں کی ورزش ہوتی ہے۔ دل کے مریض کے لئے ورزش بہت ضروری ہے جو کہ نماز میں خود بخود ہو جاتی ہے۔ یہی ورزش فالج سے بچاتی ہے۔

☆ تکبیر تحریمہ کے وقت سر نہ جھکانے کی وجہ یہ ہے کہ متذکرہ بالا فوائد اس وقت حاصل ہونگے جب سر نہ جھکایا جائے۔ (Islam & Science)

قیام

قیام یعنی کھڑا ہونا۔ قیام یہ ہے کہ سیدھی کھڑی ہو۔

قیام پر حکم ربی

وقوموا للہ قنتین۔

ترجمہ: اور کھڑے ہو اللہ کے حضور ادب سے۔ (سورۂ بقرہ پارہ نمبر 2 آیت نمبر 238)

قیام پر حدیث نبوی ﷺ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے اس سے پہلے گفتگو کے بعد فرمایا:

"جب تم نماز کے لئے تیار ہو اچھی طرح وضو کرو پھر قبلہ رخ کھڑے ہو۔"
(بخاری و مسلم)

قیام کی تعریف

نماز کا وہ رکن جس میں سیدھے کھڑے ہو کر سورہ فاتحہ، سورت کی تلاوت کی جاتی ہے۔ قیام کہلاتا ہے۔

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network
http://www.NooreMadinah.net

قیام کا درست طریقہ

☆ قیام کے وقت دونوں پاؤں میں چار انگل کا فاصلہ ہو۔

☆ قیام میں عورت ہاتھوں کو سینے پر چھاتی کے نیچے اس طرح باندھے کہ بائیں ہاتھ ہتھیلی کی پشت پر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی ہو۔

☆ نگاہ سجدہ گاہ پر ہو۔ (یہ عمل مستحب ہے)

مسائل ضروریہ

☆ فرض، وتر اور سنت فجر میں قیام فرض ہے۔ کہ اگر بحالت تندرستی میں یہ نمازیں بیٹھ کر پڑھیں تو نہ ہوں گی۔

☆ اگر عصا کے سہارے یا خادم کے سہارے یا دیوار سے ٹیک لگا کر کھڑی ہو سکتی ہے تو فرض ہے کہ کھڑی ہو کر پڑھے (غنیۃ)

تنبیہ: آجکل عموماً عورتوں میں یہ بات دیکھی جاتی ہے کہ جب ذرا بخار یا معمولی سی تکلیف ہوئی یا گھر کی مصروفیات کے باعث بیزار ہو کر تھک گئی تو بیٹھ کر نماز پڑھ لیتی ہیں جبکہ یہی عورتیں کھڑی ہو کر باتیں کرنے لگ جائیں تو دس، پندرہ پندرہ منٹ اسی حال میں گزار دیتی ہیں۔ ہماری بہنوں کو چاہیے کہ ان مسائل سے آگاہ ہوں کہ باوجود قدرت قیام کے بیٹھ کر نماز پڑھی تو ان کا اعادہ (دہرانا) واجب ہے۔ بلکہ یہاں تک کہ دیوار وغیرہ کا سہارا لے کر نماز پڑھ سکتی تھی اور بیٹھ کر پڑھی تو اس کا دہرانا بھی واجب ہے۔

قیام کی سائنسی تحقیق

☆ قیام سے ذہنی سکون کی کیفیت محسوس ہوتی ہے۔

☆ قیام میں نمازی جب رات میں ۳۰ سے لے کر 45 منٹ اسی حالت میں کھڑے رہتے ہیں تو دماغ اور اعصاب میں زبردست قوت اور طاقت پیدا ہوتی ہے۔

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http //www NooreMadinah net

قوت فیصد اور قوت مدافعت بدن میں زیادہ ہوتی ہے۔

☆ نماز میں قیام کرنا گھٹنوں، ٹخنوں اور پیروں سے اوپر پنڈلیوں اور پاؤں کے جوڑوں کو قوی کرتا ہے۔ گھٹنے کے درد کو ختم کرتا ہے۔ لیکن شرط ہے کہ جسم سیدھا رہے۔ خم واقع نہ ہو۔

سینے پر ہاتھ باندھنے کی سائنسی تحقیق

☆ عورتیں نیت کے بعد جب سینے پر ہاتھ باندھتی ہیں۔ تو دل کے اندر سے حرارت منتقل ہوتی ہے۔ اور وہ غدود نشوونما پاتے ہیں۔ جس کے اوپر بچوں کی غذا کا انحصار ہے۔ پس وہ غذا جو بچوں کو ملتی ہے۔ تو ان کے اندر نورانی شعور پیدا کر دیتی ہے

☆ اس سے نظام انہضام درست ہوتا ہے۔ قبض دور ہوتی ہے۔

☆ معدے کی دوسری خرابیاں جیسے گیس اور پیٹ کے عضلات کا ڈھیلا پن ختم ہو جاتا ہے۔

☆ ڈاکٹرز اور دانشوروں کے مطابق جب عورتیں سینے پر ہاتھ باندھتی ہیں تو ہاتھ ایک خاص حالت میں ہوتے ہیں۔ اس سے ایک خاص قسم کی شعاعیں (Rays) پیدا ہوتی ہیں جو ہلکے نیلے یا سفید رنگ کی ہوتی ہیں۔ شعاؤں کا خروج اور دخول اس جسم کے اندر قوت مدافعت (Immunity) کو بڑھاتا ہے اس عورت کا جسم کسی بھی بیماری یا سرطان (Cells of Caner) کی شکل میں نہیں ہوتا۔

نماز میں دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر رکھنے کی سائنسی تحقیق

☆ دائیں ہاتھ سے خاص طور سے خوشبوئیں نکلتی ہیں جو مثبت (Positive) اور بائیں ہاتھ سے منفی (Negative) شعاعیں نکلتی ہیں۔ دائیں ہاتھ کی مثبت شعاعیں بائیں ہاتھ میں منتقل ہو کر طاقت، قوت اور تحریک کا باعث بنتی ہیں جس سے انسان معمولات زندگی میں متحرک رہتا ہے۔ اور پریشان نہیں ہوتا۔

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http //www NooreMadinah net

☆ اس عمل سے ہاتھ سے فالج کا اندیشہ نہیں رہتا۔ بلکہ ہاتھ کے فالج والے لوگوں کو یہ ورزش کرائی جاتی ہے۔

نگاہ سجدہ گاہ پر ہونے کی سائنسی تحقیق

☆ نماز میں نگاہ سجدے کی جگہ ہونا ضروری ہے۔ چونکہ اوپر کے دائیں ہاتھ سے ہوتی ہوئی نگاہ سجدے کی جگہ جاتی ہے۔ اس لئے دایاں ہاتھ اوپر رکھا گیا ہے۔ تاکہ دائیں ہاتھ کی قوت بہر پیش نظر ہوں۔ (Health & Sciences)

by William John

قرأت

یعنی قرآن کریم پڑھنا۔

☆ قرأت پر حکم ربی عزوجل قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے۔

فاقرءوا ما تيسر من القرآن (پارہ نمبر 29 سورہ المزمل آیت نمبر 20)

ترجمہ کنزالایمان: "اب قرآن میں سے جتنا تم پر آسان ہو اتنا پڑھو"۔

قرأت پر حدیث نبوی ﷺ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور سید عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا "جس نے سورہ فاتحہ نہ پڑھی اس کی نماز کامل نہیں"

قرأت کی تعریف

قرأت اس کا نام ہے کہ تمام حروف مخارج سے ادا کئے جائیں کہ ہر حرف غیر سے صحیح طور پر ممتاز ہو جائے۔

قرأت کرنے کا درست طریقہ

قرأت کرنے کا درست طریقہ یہ ہے کہ تجوید کے ساتھ یعنی زبان کی صحیح ادائیگی کے ساتھ قرأت کی جائے [illegible] سے حروف کی صحیح ادائیگی کرائی [illegible] شامل [illegible] نقل [illegible] ہیں [illegible]۔

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http //www NooreMadinah net

ہوگی۔(عالمگیری)

مسائل ضروریہ:

☆ مطلقاً ایک آیت پڑھنا ضروری ہے۔(بہار شریعت)

☆ سورۂ فاتحہ اور اسکے ساتھ ایک چھوٹی سورہ یا اس کے برابر کی آیت ملانا واجب ہے۔

☆ فرض کی پہلی دو رکعتوں اور وتر، سنت مؤکدہ و غیر مؤکدہ کی تمام رکعتوں میں قرأت سورۂ فاتحہ اور سورت ملانا واجب ہے۔

قرأت پر سائنسی تحقیق:

☆ جب نمازی قرأت شروع کرتا ہے تو احادیث میں ہے کہ اتنی اونچی قرأت ہو کہ اپنے کان سے سنے۔اب ان قرآنی لفظوں کے انوار و تجلیات پورے جسم میں سرایت کر جاتے ہیں۔جو امراض کے دفعیہ کے لئے اکسیر اعظم کی حیثیت رکھتی ہے۔

☆ چونکہ قرآن پاک کی تلاوت ہو رہی ہوتی ہے۔اس لئے اسکا جسم ایک نور کے حلقے میں مسلسل لپٹا رہتا ہے۔اور جب تک وہ اس حالت میں رہتا ہے۔تو اس وقت وہ نور جسے سائنسی زبان میں غیر مرئی شعاعیں (Rays) کہتے ہیں، حاوی ہوتی ہیں۔

☆ ماہر روحانیت (HeadBater) کہتا ہے کہ ہر لفظ ایک یونٹ (Unit) ہے۔اس سے بیٹ تیز روشنی نکلتی ہے۔جو مثبت اور مکمل ہوتی ہے۔

☆ خون کے سرخ ذرات (Hemoglobene) تحقیق کے مطابق غیر مرئی اثرات سے ٹوٹتے ہیں۔اور اس کے ٹوٹنے کے عوامل بڑھ جاتے ہیں۔تو بلڈ کینسر (Blood Cancer) کے خطرات بڑھ جاتے ہیں۔نماز میں تلاوت کی وجہ سے اس کے اثرات سے محفوظ رہتے ہیں۔(Health and Sciences)

by William John.

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http //www NooreMadinah net

رکوع:

قیام کے بعد اتنا جھکنا کہ ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ جائیں۔

رکوع پر حکم ربی عزوجل:

وارکعوا مع الرکعین ۔(پارہ نمبر 2 سورۂ بقرہ آیت نمبر 43)

ترجمہ کنزالایمان "اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو"۔

رکوع پر حدیث نبوی ﷺ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے ایک شخص کو نماز کی تعلیم فرماتے ہوئے فرمایا مختصراً "پھر رکوع کرو یہاں تک کہ تمہیں رکوع میں اطمینان ہو جائے" (بخاری و مسلم)

رکوع کی تعریف قرأت کے بعد جھک کر ہاتھ گھٹنوں پر رکھنا اس مخصوص عمل کی ادائیگی کو رکوع کہتے ہیں۔

رکوع کا عملی طریقہ

☆ رکوع کا عملی طریقہ یہ ہے کہ عورتیں اتنا جھکیں کہ ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ جائیں۔

☆ پیٹھ سیدھی نہ کریں۔ ☆ گھٹنوں پر زور نہ دیں۔ ☆ ہاتھ گھٹنوں پر اس طرح ہوں کہ انگلیاں ملی ہوئی ہوں اور بازو پہلو سے ملا کر رکھیں۔

☆ عورتیں حالت رکوع میں پنڈلی کو جھکائیں مردوں کی طرح سیدھی نہ کریں۔

☆ پاؤں کے دونوں ٹخنے ملائیں۔ ☆ نگاہ قدموں پر رکھیں ☆ رکوع میں تین یا پانچ یا سات بار "**سبحان ربی العظیم**" پڑھیں۔ ☆ رکوع صحیح طریقے سے ادا کرنا کہ اعضاء سکون میں آجائیں ضروری ہے یہ تعدیل ارکان میں سے ہے۔

☆ ایسی نماز جس میں رکوع اطمینان سے ادا کیا جائے یعنی تعدیل ارکان نہ کیا جائے تو نماز ناقص اور واجب الاعادہ ہوتی ہے

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http //www NooreMadinah net

جیسا کہ حدیث پاک میں آیا ہے۔ کہ حضور سید عالم ﷺ نے فرمایا۔

"جو شخص نماز میں سے چوری کرتا ہے وہ بدترین چور ہے۔"

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے عرض کیا: "یا رسول اللہ ﷺ کوئی نماز کو چوری کیسے کر سکتا ہے؟" حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا "رکوع و سجود کو پورا ادا نہ کرنا نماز کی چوری ہے۔"

رکوع پر سائنسی تحقیق:

☆ رکوع اگر صحیح طریقے سے ادا کیا جائے تو گھٹنوں اور کمر کے درد میں افاقہ ہوتا ہے۔

☆ رکوع سے حرام مغز (Spinal Cord) کی کارکردگی میں اضافہ ہوتا ہے اور وہ مریض جن کے اعضاء شل ہو جاتے ہیں وہ اس مرض سے بہت جلد افاقہ حاصل کر سکتے ہیں۔

☆ دوران رکوع چونکہ ہاتھ پنڈلی کی طرف جاتے ہیں اس لئے کندھوں سے لے کر ہاتھ کی انگلیوں تک پورے حصے کی ورزش ہو جاتی ہے۔ اس سے بازوؤں کے پٹھے طاقتور ہوتے ہیں۔

☆ رکوع سے کمر کے درد کے مریض یا ایسے مریض جن کے حرام مغز میں ورم (Inflammation of Spinal Card) ہو گیا ہو جلد صحت یاب ہو جاتے ہیں۔

☆ رکوع سے گردوں میں پتھری کا عمل سست پڑ جاتا ہے اور پتھری کا مریض جس کے گردوں میں پتھری ہو رکوع کی حرکت سے بہت جلد نکل جاتی ہے۔

☆ رکوع سے جگر کے امراض کا خاتمہ ہوتا ہے۔

☆ رکوع سے ٹانگوں کے درد کے مریض چلنے پھرنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔

☆ رکوع سے دماغ اور آنکھوں کی طرف دوران خون سے زیادہ (Circulation of Blood) کی وجہ سے دماغ اور نگاہ کی کمزوری میں افاقہ ہوتا ہے۔ (Islam & Science)

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http://www.NooreMadinah.net

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http://www.NooreMadinah.net

قومے کی تعریف

رکوع کرنے کے بعد جو سیدھا کھڑا ہوتے ہیں اسے قومہ کہتے ہیں۔

قومے کا حکم قومہ کرنا واجب ہے

قومہ کرنے کا طریقہ:

☆ رکوع سے "**سمع الله لمن حمده**" کہتے ہوئے کھڑے ہونے کے بعد "**اللهم ربنا ولك الحمد**" کہیں۔

☆ سیدھے اس طرح کھڑے ہوں کہ کمر بالکل سیدھی ہو۔

☆ دونوں قدموں میں چار انگل کا فاصلہ ہو۔

☆ ہاتھ لٹکے ہوئے اور نگاہ سجدہ گاہ پر ہو۔

مسئلہ: [illegible] رکوع [illegible] قومہ کئے بغیر سجدہ کر لیا تو ایسی نماز واجب الاعادہ ہوگی۔

سجدہ پیشانی کا زمین پر رکھنا سجدہ کی حقیقت ہے۔

سجدے پر حکم ربی "**واسجدوا**" ([illegible])

ترجمہ: اور سجدہ کرو

سجدے پر حدیث نبوی ﷺ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: [illegible] اللہ عزوجل سے اس حالت میں [illegible] سجدے میں [illegible]

سجدے کی تعریف [illegible] پیشانی زمین پر [illegible] سجدہ کہتے ہیں

سجدے کا درست طریقہ [illegible] ساتھ زمین پر آہستہ سے رکھیں۔

☆ [illegible]

☆ [illegible]

☆ [illegible] کہ پہلے ناک پھر پیشانی [illegible]

☆ [illegible] انگلیوں کا [illegible] پاؤں کی انگلیاں [illegible]

☆ [illegible]

[illegible] "سبحان ربی الاعلیٰ" پڑھیں
([illegible])

مسائل ضروریہ

☆ [illegible]

☆ حالت سجدہ [illegible]

☆ [illegible] پیشانی اگر [illegible]

☆ [illegible] تحریمی ہوگی۔

سجدے پر سائنسی تحقیق

[illegible] (Arteries) [illegible]

[illegible]

[illegible] Brain [illegible] Brain

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http://www.NooreMadinah.net

[illegible] (Nervous [illegible] (eyes) [illegible]

[illegible] (Blood Circulation) [illegible] (Normal) [illegible]

کی وجہ سے نگاہ بہت تیز ہو جاتی ہے

سجدہ دائمی خوبصورتی کا بہترین ذریعہ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] جن عورتوں کو اکثر

[illegible] اور نور آتا ہے

[illegible]

☆ [illegible] کی تکلیفوں سے

[illegible]

☆ [illegible]

☆ [illegible]

[illegible]

(Health and Sciences)

by William John

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http://www.NooreMadinah.net

☆ اسی طرح سجدے میں رانوں کو جوڑنے سے [illegible] پوشیدہ [illegible] امراض سے نجات ملتی ہے۔

☆ جن لوگوں کے معدے میں جلن رہتی ہے۔ اور [illegible] صحیح سجدے کے عمل سے یہ مرض ختم ہو جاتا ہے۔

☆ عورتیں اگر صحیح طریقے سے سجدہ کریں تو ان کا [illegible] کم ہو جائے گا جسم سڈول اور خوبصورت رہے گا۔ (Health & Sciences)

جلسے کی تعریف

دو سجدوں کے درمیان بیٹھنے کو جلسہ کہتے ہیں۔

جلسے میں بیٹھنے کا طریقہ

سجدے سے [illegible] پہلے پیشانی پھر ناک اور پھر ہاتھ اٹھائیں۔

دونوں قدم [illegible]

☆ [illegible]

جلسے میں سائنسی تحقیق

دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھنے [illegible] (Museles) [illegible]

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http //www NooreMadinah net

قعدہ اولیٰ کی تعریف

تین یا چار رکعتوں والی نماز میں دو رکعتیں پڑھ کر جو بیٹھا جاتا ہے اسے قعدۂ اولیٰ (پہلا قعدہ) کہتے ہیں۔

قعدہ کا درست طریقہ

☆ قعدہ کرنے کا درست طریقہ یہ ہے کہ دونوں قدموں کو سیدھی جانب نکال کر زمین پر بیٹھیں۔

☆ دونوں ہاتھ دونوں رانوں پر اس طرح رکھیں کہ دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کے کنارے گھٹنوں کے پاس ہوں انہیں پکڑے نہیں رہنا ہیں۔

☆ نظریں گود پر رکھیں۔

☆ قعدۂ اولیٰ اور فرض نماز، وتر یا سنت مؤکدہ ہے تو صرف تشہد پڑھیں۔

☆ تشہد پر کچھ نہیں بڑھائیں اور قعدہ اولیٰ اگر نفل نماز اور سنت غیر مؤکدہ کا ہو تو درود پاک اور دعا بھی پڑھ لینا مستحسن ہے۔

قعدہ میں تشہد پڑھنے کا طریقہ

☆ قعدہ میں تشہد پڑھنے کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ شہادت پر اشارہ کریں یعنی تشہد (تحیات) پڑھتے ہوئے جب لا الٰہ پر پہنچیں تو چھوٹی انگلی اور اس کے برابر والی انگلی بند کر لیں۔

☆ بیچ کی انگلی اور انگوٹھے کا حلقہ بنائیں اور شہادت کی انگلی اٹھائیں اور اسے حرکت نہ دیں۔

☆ الا پر گرا دیں۔

☆ سب انگلیاں فوراً سیدھی کر لیں۔

☆ حدیث پاک میں ہے کہ حضور ﷺ تشہد میں شہادت کی انگلی سے

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network
http //www NooreMadinah net

[illegible] سنت ہے۔ (ترمذی، نسائی)

حدیث مبارک ہے کہ حضور اکرم نور مجسم [illegible] ﷺ [illegible]

[illegible] شیطان [illegible] اور [illegible] ہے۔ ([illegible])

مسئلہ ضروری:

☆ [illegible] قعدے میں تشہد کا کوئی حصہ بھول جائے تو سجدہ سہو واجب ہوگا

قعدہ اخیرہ کی تعریف

نماز کی رکعتیں پوری کرنے کے بعد التحیات پڑھنے کی خاطر بیٹھنے کو قعدہ اخیرہ کہتے ہیں۔

قعدہ اخیرہ کا عملی سنت طریقہ

[illegible]

مسئلہ ضروریہ

[illegible]

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http://www.NooreMadinah.net

By Mohammad Siddique Qadri's Sister

☆ قعدۂ [illegible]

☆ چار رکعت [illegible]

قعدۂ اولیٰ و اخیرہ پر سائنسی تحقیق

☆ [illegible]

[illegible]

☆ [illegible] (Muscules Pains)

ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

☆ [illegible]

☆ [illegible] (Good Health

by Mrs Malik

خروج بصنعہٖ کی تعریف

قعدہ [illegible]

خروج بصنعہٖ کا طریقہ

☆ قعدہ [illegible]

[illegible] "السلام علیکم ورحمۃ اللہ" [illegible]

پھیریں کہ دایاں رخسار دکھائی دے۔

☆ [illegible]

[illegible]

☆ السلام علیکم ورحمۃ اللہ [illegible]

[illegible]

[illegible]

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http://www.NooreMadinah.net

☆ سلام پھیرتے وقت مڑنا چاہیے لیکن تھوڑی سی صرف گردن کو پیچھے سے پکڑ کر نہیں بلکہ صرف گردن گھما کر سلام پھیریں۔

فضیلت: بندہ جب سلام پھیرتا ہے تو جنت کے آٹھوں دروازے اس کے لئے کھول دیے جاتے ہیں۔ کہ جس دروازے سے چاہے جنت میں داخل ہو جائے۔

(فضائل صلوٰۃ)

مسائل ضروریہ:

☆ اگر السلام کے علاوہ کسی دوسرے فعل سے نماز کو ختم کیا تو نماز کو دوبارہ پڑھنا ہوگا۔ کہ لفظ السلام کہنا واجب ہے۔

☆ لفظ "السلام" دوبارہ کہنا واجب ہے۔

☆ پہلے دائیں طرف پھر بائیں طرف سلام پھیرنا سنت ہے۔

☆ سلام میں اتنا منہ پھیریں کہ رخسار دکھائی دے سنت ہے۔

☆ **السلام علیکم ورحمۃ اللہ** دوبارہ کہنا سنت ہے۔

☆ قعدہ اخیرہ اور خروج بصنعہ کے درمیان تین بار سبحان اللہ کہنے کی مقدار دیر ہوگئی تو سجدہ سہو واجب ہوا۔ چونکہ (دو فرض، دو واجب یا فرض اور واجب کے درمیان تین تسبیح کی مقدار وقفہ نہ ہونا واجب ہے) (بہار شریعت حصہ سوم صفحہ 68)

☆ سلام کے وقت نگاہ کو شانے کی طرف رکھنا مستحب ہے۔

خروج بصنعہ پر سائنسی تحقیق

☆ نماز کے اختتام پر ہم سلام پھیرتے ہیں اور گردن پھیرتے ہیں اس عمل سے گردن کے اعصاب کو طاقت ملتی ہے۔ اور وہ امراض جن کا تعلق اعصاب سے ہے لاحق نہیں ہوتے۔ اور سر، شانوں اور درد سے محفوظ رہتا ہے۔

☆ چونکہ نمازی کو سلام پھیرتے وقت گردن کو دائیں بائیں مڑنا پڑتا ہے اور دن میں کئی بار ایسا عمل کرنا پڑتا ہے جو ایک ورزش ہے، امراض قلب (Heart Disease) اور دماغ کی رگوں کی پیچیدگیوں سے بچا رہتا ہے اور بہت سے امراض میں مبتلا ہونے سے محفوظ رہتا ہے۔

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network
http://www.NooreMadinah.net

نمازِ تہجد

[illegible] جیسا کہ [illegible] قرآنی

آیت یاد دلا رہی ہے۔

نمازِ تہجد پر حکم الٰہی

وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهِ نَافِلَةً لَّكَ

ترجمہ: اور رات کے کچھ حصے میں تہجد کی نماز پڑھا کیجئے۔ (جو آپ کے حق میں زائد چیز ہے)۔ (سورہ بنی اسرائیل 79)

تہجد پر حدیث نبوی ﷺ

حضور سید عالم ﷺ نے فرمایا [illegible] معجزات کو

[illegible]

تہجد کی تعریف

[illegible] ایک گھڑی نیند کے بعد بیدار ہو کر جو نماز

[illegible]

[illegible]

[illegible]

☆ [illegible]

نمازِ تہجد پر [illegible]

☆ [illegible]

[illegible]

[illegible]

☆ [illegible]

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network
http //www NooreMadinah net

By Mohammad Siddique Qadri's Sister

☆ عصابی کھنچاؤ اور جکڑاؤ کے لئے مفید ہے۔

☆ دماغی امراض خاص طور پر پاگل پن کی خطرناک بیماریاں ختم ہو جاتی ہیں۔

☆ ایسے افراد جن کی نگاہوں میں دو دو نظر آنے کی کیفیت پائی جائیں وہ ختم ہو جاتی ہیں۔

☆ نماز تہجد انسانی جسم میں نشاط، فرحت اور غیر معمولی طاقت پیدا کرتی ہے۔ جو سے سارا دن ہشاش بشاش رکھتی ہے۔

☆ مغربی ڈاکٹروں نے دیکھا کہ جو مسلمان تہجد کے وقت جاگتے ہیں انہیں مایوسی کا مرض نہیں ہوتا چنانچہ انہوں نے سوچا کہ تہجد کے وقت جاگنا مایوسی کے مرض کا علاج ہے۔

☆ علم نفسیات کے ماہرین نے مایوسی کے مریضوں پر یہ تجربہ کیا انہوں نے مایوسی کے مریضوں کو تہجد کے وقت جگانا شروع کیا یہ مریض جاگ کر کچھ پڑھ لیتے تھے۔ اور پھر سو جاتے تھے۔ یہ معمول جب کئی مہینے مسلسل جاری رکھا گیا تو مایوسی کے مریضوں کو فائدہ ہوا۔ اور وہ دواؤں کے بغیر ٹھیک ہو گئے۔

چنانچہ اس مغربی ڈاکٹر نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ آدھی رات کو جاگنا مایوسی کے مریضوں کا علاج ہے۔

سب نماز کے مکروہات ومفسدات پیش کئے جاتے ہیں تاکہ نماز کے دوران ان باتوں سے پرہیز کیا جائے اور نماز کو ضائع ہونے سے بچایا جا سکے۔

(What Teaches Islam)

by Nina Khan

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http //www NooreMadinah net

واجباتِ نماز

(۱) تکبیرِ تحریمہ میں لفظ اللہ اکبر کہنا۔

(۲) الحمد شریف پڑھنا۔

(۳) سورت ملانا۔ یعنی فرض نماز کی پہلی دو رکعتوں میں اور باقی نماز اس کی ہر رکعت میں ایک چھوٹی سورت یا تین چھوٹی آیتیں یا ان کے برابر ایک یا دو آیتیں پڑھنا۔

(۴) الحمد شریف کا سورت سے پہلے پڑھنا۔

(۵) الحمد شریف اور سورت کے درمیان آمین اور بسم اللہ کے علاوہ کچھ نہ پڑھنا۔

(۶) قرأت کے فوراً بعد رکوع کرنا۔

(۷) ایک سجدے کے بعد بالترتیب دوسرا سجدہ کرنا۔

(۸) تعدیلِ ارکان یعنی رکوع، سجود، قومہ اور جلسے میں کم از کم ایک بار سبحان اللہ کہنے کی مقدار ٹھہرنا۔

(۹) قومہ یعنی رکوع سے سیدھا کھڑا ہونا۔ (بعض خواتین کمر سیدھی نہیں کرتیں اس طرح ان کا واجب ترک ہو جاتا ہے۔)

(۱۰) جلسہ یعنی دو سجدوں کے درمیان سیدھا بیٹھنا۔ (بعض خواتین جلد بازی کی وجہ سے ٹھیک طریقے سے بیٹھنے سے پہلے ہی سجدے میں چلی جاتی ہیں اس طرح ان کا واجب ترک ہو جاتا ہے۔ چاہے کتنی ہی جلدی ہو سیدھا بیٹھنا ضروری ہے۔)

(۱۱) قعدۂ اولیٰ واجب ہے اگرچہ نفل نماز ہو۔

(۱۲) دونوں وتر اور سنت مؤکدہ میں تشہد (یعنی التحیات) کے بعد کچھ نہ پڑھنا۔

(۱۳) دونوں قعدوں میں تشہد مکمل پڑھنا۔ اگر ایک لفظ بھی چھوڑا تو ترک واجب ہو

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http //www NooreMadinah net

جائے گا اور سجدہ سہو واجب ہوگا۔ [illegible]

(۱۴) [illegible] کے قعدہ اولیٰ میں تشہد کے بعد [illegible] جیسے میں

اللهم صل على محمد . يا اللهم صل على سيدنا محمد تو

سجدہ سہو واجب ہوگا [illegible] ہے۔ (ردالمحتار)

(۱۵) دونوں سلام میں لفظ السلام دونوں بار واجب ہے۔ علیکم واجب

نہیں بلکہ سنت ہے۔

(۱۶) وتر میں دعائے قنوت پڑھنا۔

(۱۷) وتر میں تکبیر قنوت کہنا۔

(۱۸) نماز میں سہو ہو تو سجدہ سہو کرنا۔

(۱۹) رکوع ہر رکعت میں ایک ہی بار کرنا۔

(۲۰) ہر [illegible] میں [illegible] کرنا۔

(۲۱) سجدہ ہر رکعت میں [illegible]

(۲۲) دوسری رکعت سے پہلے قعدہ نہ کرنا۔

(۲۳) چار رکعت والی نماز میں تیسری رکعت پر قعدہ نہ کرنا۔

(۲۴) آیت سجدہ پڑھی ہو تو سجدہ تلاوت کرنا۔

(۲۵) [illegible]

[illegible]

سجدۂ سہو

[illegible]

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network
http://www.NooreMadinah.net

اس کی تلافی کے لیے سجدہ سہو واجب ہے۔ حدیث شریف میں ہے ایک بار

حضور ﷺ دو رکعت پڑھ کر کھڑے ہو گئے بیٹھے نہیں [illegible] کے بعد سجدہ سہو کیا۔

(ترمذی [illegible])

سجدۂ سہو کا طریقہ

قعدہ اخیرہ میں التحیات کے بعد ایک طرف سلام پھیر کر دو سجدے کریں پھر التحیات،

درود شریف، دعا پڑھ کر سلام پھیریں۔ (عامۂ کتب)

مسائل ضروریہ:

☆ اگر [illegible] [illegible]

([illegible])

☆ [illegible]

[illegible]

☆ [illegible]

[illegible]

☆ [illegible]

سجدہ واجب ہوگا۔ (عالمگیری)

☆ [illegible]

[illegible]

پوری کرے۔ (درمختار)

رکعت کی تعداد میں شک ہونا

☆ جس کو نماز میں قعدہ اور رکعت میں شک ہو کہ تین ہوئیں یا چار اور یہ بالغ ہونے کے بعد پہلا واقعہ ہے تو نماز توڑ دے اور نئے سرے سے نماز پڑھے اور اگر یہ شک پہلی بار نہیں بلکہ پہلے بھی ہو چکا ہے تو غالب گمان جس طرف ہو یعنی ایک طرف زیادہ دل جمتا ہے تو اسی کو اختیار کریں اور اگر کسی طرف دل نہیں جمتا تو کم کی جانب اختیار کریں مثلاً تین اور چار میں شک ہے تو تین قرار دیں اور تین میں شک ہو تو دو۔

☆ تیسری اور چوتھی دونوں میں قعدہ کریں کہ احتمال ہے کہ یہ تیسری نہ ہو اور چوتھی میں قعدہ کے بعد سجدۂ سہو کر کے سلام پھیریں۔ اور غالب گمان کی صورت میں سجدہ نہیں مگر سوچنے میں ایک رکن کی مقدار (یعنی تین بار سبحان اللہ کہنے کے برابر) وقفہ ہو گیا تو سجدۂ سہو واجب ہو گیا۔

☆ یہ شک واقع ہوا کہ اس وقت کی نماز پڑھی یا نہیں تو اگر وقت باقی ہے تو پڑھ لے ورنہ نہیں۔ (بہار شریعت حصہ سوم)

مکروہاتِ نماز

مکروہات دو قسم کے ہیں (1) مکروہ تنزیہی (2) مکروہ تحریمی۔

مکروہ تنزیہی یعنی جس کا کرنا شریعت کو پسند نہیں مگر اس پر عذاب بھی نہیں اور مکروہ تحریمی وہ ہے جس سے عبادت ناقص ہو جاتی ہے اور کرنے والا گنہگار ہوتا ہے۔

مکروہات تحریمی

(1) جان بوجھ کر کسی وجہ سے یا بلاوجہ جیسے کپڑے یا داڑھی یا بدن کے ساتھ کھیلنا۔

(2) کپڑوں کو لوٹ پلٹ کرنا۔ لہذا سجدے کے لئے ایک دم رکھتے ہیں جبکہ بلا ضرورت تکلیف ہو۔

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http //www NooreMadinah net

(3) انگلیوں کو چٹخانا، اور انہیں ایک دوسرے میں داخل کرنا۔

(4) کولہوں پر ہاتھ رکھنا۔ (5) گردن گھما کر ادھر ادھر دیکھنا۔

(6) قصداً جمائی لینا۔ (7) نگاہ آسمان کی طرف اٹھانا۔

(8) ناک اور منہ کو ڈھانکنا۔ (9) تصویر پر سجدہ کرنا۔

(10) کسی واجب کو ترک کرنا۔ (11) پیشاب، پاخانے یا ہوا کی شدت کے وقت نماز پڑھنا۔ (12) تشبیک یعنی ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈالنا۔ (در مختار)

(13) کسی شخص کے منہ کے سامنے نماز پڑھنا۔ (دوسرے شخص کو بھی نمازی کی طرف منہ کرنا ناجائز و گناہ ہے کوئی پہلے سے چہرہ کئے ہوئے ہو اور اب کوئی اس کے چہرے کی طرف رخ کر کے نماز شروع کرے تو نماز شروع کرنے والا گنہگار ہوا اور اس نماز پر کراہت کی ورنہ چہرہ کرنے والے پر گناہ و کراہت ہے)۔

(14) الٹا قرآن مجید پڑھنا (مثلاً پہلی رکعت میں "تبت" پڑھی اور دوسری میں "اذا جاء") یہ قرأت کا مکروہ تحریمی ہے اس پر سجدہ سہو واجب نہیں۔ (15) الٹا کپڑا پہن کر یا اوڑھ کر نماز پڑھنا۔ (رسائل عطاریہ صفحہ ۱۰۵)

مکروہات تنزیہی

(1) سرین پر بیٹھ کر گھٹنوں کو کھڑا کرنا (2) آستین چڑھا لینا۔

(3) اشارے کے ساتھ سلام کا جواب دینا (4) چار زانو یعنی چوکڑی مار کر بیٹھنا۔

(5) بالوں کو گوندھنا۔ (6) مقتدی کا جماعت میں قرأت کرنا۔

(7) نفل نماز میں پہلی رکعت لمبی کرنا اور باقی نمازوں میں دوسری رکعت کو پہلی سے لمبا کرنا (8) کسی نماز کی ایک رکعت میں کسی سورت کو بار بار پڑھنا۔

By Mohammad Siddique Qadri's Sister
NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network
http://www.NooreMadinah.net

(10) دو رکعتوں میں پڑھی جانے والی دو چھوٹی سورتوں کے درمیان ایک سورت کے ساتھ فصل کرنا۔

(11) قصداً خوشبو سونگھنا۔ (12) اپنی چادر یا کپڑے سے یا پنکھے سے ہوا لینا

(13) سجدے وغیرہ میں ہاتھ یا پاؤں کی انگلیوں کو قبلے سے پھیر دینا۔

(14) رکوع میں ہاتھوں کو گھٹنوں پر نہ رکھنا (15) جماہی لینا (16) عمل قلیل کرنا

(17) جوں پکڑنا اور اسے مارنا (18) منہ میں کوئی چیز رکھ کر جو مسنون قراءت میں

رکاوٹ پیدا کرتی ہو (19) [illegible]

[illegible] (20) [illegible]

[illegible] (21) [illegible] (22) [illegible]

[illegible] (23) [illegible] (24) [illegible]

[illegible] (26) [illegible]

[illegible] (26) [illegible]

[illegible] (27) [illegible]

[illegible]

[illegible] (28) [illegible] (29) [illegible]

[illegible] (30) [illegible]

(31) [illegible] (32) [illegible]

[illegible] (33) [illegible]

[illegible] (34) [illegible]

[illegible]

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network
http //www NooreMadinah net

ہو۔ (بہار شریعت)(35) ہر وہ عمل قلیل جو ضرورت کیلئے مفید ہو جائز ہے اور جو مفید نہ ہو وہ مکروہ۔ (عالمگیری)(36) نمازی کے ہر چہار سمت تصویر کا ہونا۔

(رسائل عطاریہ صفحہ ۱۰۳)

مفسداتِ نماز

(1) گفتگو کرنا، اگرچہ بھول کر ہو یا غلطی سے ہو۔ (2) ایسے کلمات کے ساتھ دعا مانگنا جو ہمارے (دنیوی) کلام سے مشابہ ہو۔ (3) سلام کرنے کی نیت سے لفظ سلام کہنا۔ اگرچہ بھول کر ہو۔ (4) زبان یا ہاتھ سے مصافحہ کرتے ہوئے سلام کا جواب دینا۔ (5) عمل کثیر کرنا۔ (6) قبلہ سے سینہ پھیرنا۔ (7) کوئی چیز منہ کے اندر باہر سے لیکر کھانا اگرچہ کم ہو۔ (8) دانتوں کے درمیان جو کچھ (اٹکا ہوا) ہے اسے کھانا جب وہ (کم از کم) چنے کے برابر ہو۔ (9) کوئی مشروب پینا۔ (10) کسی عذر کے بغیر کھانسنا (11) اف کرنا۔ (12) آہ کرنا۔ (13) کراہنا۔ (14) درد یا مصیبت کی وجہ سے بلند آواز سے رونا لیکن جنت یا دوزخ کے ذکر سے نہیں۔ (15) چھینکنے والے کو "یرحمک اللہ" کے ساتھ جواب دینا۔ (16) لا الہ الا اللہ شریک باری تعالیٰ کے بارے پوچھنے والے کو لا الہ کے ساتھ جواب دینا (17) بری خبر سن کر "انا للہ وانا الیہ راجعون" کہنا۔ (18) خوشخبری سن کر الحمد اللہ کہنا (19) عجیب خبر سن کر لا الہ الا اللہ سبحان اللہ کہنا (20) [illegible] کو دیکھ کر پڑھنا (21) [illegible] کوئی آیت سیکھ لینا۔ (22) شروع سے نماز پڑھنے والے کا رکوع [illegible] فاسد ہو جانا (23) صاحب ترتیب کو فوت شدہ نماز یاد آنا۔ (24) فجر کی نماز میں سورج کا طلوع ہو جانا۔ (25) [illegible] (26) [illegible] (27) [illegible] (28) [illegible] (29) [illegible] (30) [illegible] بیداری کی حالت میں [illegible] سے رہنا۔

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http://www.NooreMadinah.net

(31) تکبیر میں ہمزہ کو کھینچنا اور لمبا کرنا ہے۔ (32) جو کچھ یاد نہیں اسے قرآن سے دیکھ کر پڑھنا۔ (33) ستر کے کھلنے یا رکاوٹ بننے والی نجاست کے ساتھ ایک رکن ادا کرنا۔ یا اتنی دیر ٹھہرنا۔ (34) سونے کی حالت میں ادا کئے گئے رکن کا نہ لوٹانا۔ (35) قعدہ کرنے کے بعد اصلی سجدہ یاد آجائے تو اسے ادا کرنے کے بعد آخری قعدہ نہ لوٹانا۔ (36) دو سے زائد رکعتوں والی نماز میں دو رکعتوں کے بعد سلام پھیر لینا۔ (نور الایضاح۔ صفحہ ۸۰)

نماز کا طریقہ ایک نظر میں

☆ نماز شروع کرنے سے قبل نماز کی شرائط کو مکمل کرنا ضروری ہے کیونکہ اگر شرائط کا خیال رکھے بغیر نماز پڑھی تو نماز شروع ہی نہ ہوگی۔

☆ نماز کی پہلی شرط طہارت ہے یعنی نماز پڑھنے والی کا جسم حدث اصغر و اکبر (یعنی جس سے وضو و غسل ضروری ہوتا ہے) سے پاک ہو (غسل و وضو کا طریقہ گزشتہ اوراق میں گزر چکا ہے۔)

☆ نماز پڑھنے کی جگہ پاک ہو۔

☆ نماز پڑھنے والی کے کپڑے پاک ہوں۔

☆ جب آپ کوئی موٹی چادر میں چھپیں کہ جس میں سے بالوں کی رنگت نہ جھلکے۔ نماز پڑھنے کے لئے ضروری ہے کہ کپڑے ایسے ہوں جو باریک نہ ہوں کہ جن سے بدن کی رنگت جھلکے چادر اس طرح اوڑھیں کہ بال، کلائیاں، گردن وغیرہ نظر نہ آئے۔

☆ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ جس وقت کی نماز پڑھیں اس کا وقت ہو چکا ہو، کیونکہ اگر بغیر وقت شروع ہوئے نماز پڑھی تو نماز نہ ہوگی مثلاً عصر کی نماز پڑھ رہی ہیں تو عصر کا وقت ہونا ضروری ہے۔

☆ ضروری نوٹ: نماز کے وقت کے لئے اذان کا انتظار ضروری نہیں بلکہ نماز

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http //www NooreMadinah net

کے اوقات کے نقشے کی مدد سے نماز کا صحیح وقت معلوم کیا جا سکتا ہے۔

☆ پھر نماز کی نیت کریں، مثلاً اگر آپ عصر کی نماز ادا کر رہی ہیں تو اس طرح سے نیت کریں

نماز کی نیت کرنا: نیت کی میں نے آج کی عصر کی، چار رکعت فرض، منہ میرا کعبہ شریف کی طرف، اللہ تعالیٰ کے واسطے۔ ☆ نیت کرتے وقت ہاتھ لٹکے ہوئے ہوں دونوں پاؤں کے پنجوں میں چار انگل کا فاصلہ ہو، نگاہ سجدہ گاہ پر ہو۔

☆ نیت کرنے کے بعد اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے چادر سے نکالے بغیر کاندھوں تک اٹھائیں۔

☆ ہاتھ کی انگلیوں کو ملائیں نہ کھلی چھوڑیں بلکہ اپنے حال پر چھوڑے رکھیں۔

☆ ہتھیلیوں کا رخ قبلہ کی طرف رکھیں۔

☆ اللہ اکبر کہتی ہوئی ہاتھ گرائیں اور ہاتھوں کو سینے پر چھاتی کے نیچے اس طرح رکھیں کہ بائیں ہاتھ کی پشت پر دائیں ہتھیلی ہو۔

☆ پھر ثناء پڑھیں۔

سبحانک اللھم وبحمدک وتبارک اسمک وتعالیٰ جدک

ولا الہ غیرک

☆ پھر اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھیں۔ اس کے بعد بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھیں۔

☆ پھر الحمد شریف پڑھیں اور [illegible]۔

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http //www NooreMadinah net

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http://www.NooreMadinah.net

☆ اس کے بعد کوئی سورت یا تین آیتیں پڑھیں یا ایک آیت جو تین آیات کے برابر ہو پڑھیں۔

☆ اب اللہ اکبر کہتی ہوئی رکوع میں جائیں یعنی رکوع کے لئے جھکنا شروع کرے تو اللہ اکبر شروع کرے اور رکوع میں پہنچ جائے تو تکبیر ختم کرے۔

☆ رکوع کے لئے اتنا جھکیں کہ ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ جائیں۔

☆ پیٹھ سیدھی نہ کریں اور نہ گھٹنوں پر زور دیں بلکہ محض ہاتھ رکھیں۔

☆ ہاتھوں کی انگلیاں ملی ہوئی رکھیں، بازو پہلو سے چپکے ہوئے اور پاؤں جھکے ہوئے رکھیں۔

☆ رکوع کرتے وقت نگاہ قدموں پر رکھیں۔

☆ رکوع میں کم از کم تین بار تسبیح **سبحان ربی العظیم** پڑھیں۔

☆ پھر **سمع اللہ لمن حمیدہ** کہتی ہوئی کھڑی ہو جائیں۔

☆ سیدھی کھڑی ہونے کے بعد **اللھم ربنا ولک الحمد** کہیں۔

☆ پھر اللہ اکبر کہتی ہوئی سجدے میں جائیں، اس طرح کہ پہلے دونوں گھٹنے زمین پر رکھیں پھر دونوں ہاتھ پھر دونوں ہاتھوں کے بیچ میں سر رکھیں۔

☆ سر اس طرح رکھیں کہ پیشانی اور ناک کی ہڈی زمین پر جم جائے۔

☆ سمٹ کر سجدہ کریں اس طرح کہ بازو کروٹوں سے ملا دیں، پیٹ ران سے، ران پنڈلیوں سے اور پنڈلیاں زمین سے ملا دیں۔

★ کلائیاں زمین پر بچھا دیں، یونہی دونوں پاؤں اور ہتھیلیاں بھی بچھی ہوئی رکھیں۔

☆ سجدے میں نگاہ ناک پر ہو اور ہاتھوں کی انگلیاں قبلہ کی طرف ہوں۔

☆ دونوں پاؤں داہنی جانب نکال دیں اور بائیں سرین پر بیٹھیں۔

☆ سجدہ میں کم از کم تین بار **سبحان ربی الاعلی** پڑھیں۔

☆ پھر سر اٹھائیں اور داہنا ہاتھ دائیں ران پر اور بایاں ہاتھ بائیں ران پر اس طرح رکھیں کہ انگلیاں ملی ہوئی ہوں اور ران کے کنارے گھٹنوں کے پاس قبلہ کی طرف ہوں۔

☆ پھر اللہ اکبر کہتی ہوئی دوسرے سجدے میں جائیں اور اسی طرح سجدہ کریں۔

☆ جب دونوں سجدے کر لیں تو دوسری رکعت کے لیے پنجوں کے بل گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر کھڑی ہوں۔

☆ دوسری رکعت میں ثناء اور تعوذ نہ پڑھیں بلکہ صرف بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر الحمد شریف اور کوئی سورت پڑھ لیں۔

☆ رکوع اور سجود اسی طرح کریں جیسے پہلی رکعت میں کیا تھا۔

☆ دوسری رکعت کے دونوں سجدوں کے بعد دونوں پاؤں داہنی جانب نکال کر اسی طرح بیٹھ جائیں۔ جس طرح پہلی رکعت میں دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھی تھیں۔ اور نگاہ گود پر ہو۔

☆ پھر تشہد پڑھیں۔

☆ جب تشہد میں کلمہ لا کے قریب پہنچیں تو داہنے ہاتھ کی بیچ کی انگلی اور انگوٹھے کا حلقہ بنائیں اور چھنگلی اور اس پاس والی انگلی کو ہتھیلی سے ملا دیں۔

☆ لفظ لا پر کلمہ کی انگلی کو اٹھائیں مگر اسے ہلائیں نہیں اور الا پر گرا دیں اور سب انگلیاں سیدھی کر لیں۔

☆ دو سے زائد رکعتیں پڑھنی ہیں تو اٹھ کھڑی ہوں مگر زمین پر ہاتھ رکھ کر کھڑی نہ ہوں بلکہ گھٹنوں پر زور دے کر کھڑی ہوں (ہاں اگر عذر ہو تو حرج نہیں)

☆ فرض کی بقیہ دو رکعتوں میں الحمد کے بعد سورت ملانے کی ضرورت نہیں۔

☆ چار رکعتیں مکمل کرنے کے بعد آخری قعدہ کریں۔

☆ قعدہ میں تشہد کے بعد درود ابراہیمی اور دعائے ماثورہ (جو قرآن و حدیث میں وارد

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network
http://www.NooreMadinah.net

ہوئی ہوں) پڑھیں۔

☆ پھر دائیں کندھے کی طرف منہ کر کے السلام علیم ورحمتہ الله کہے اس کے بعد بائیں کندھے کی طرف منہ کر کے یہی کہیں اس طرح آپ کی نماز مکمل ہو گئی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اپنے حبیب پاک ﷺ کے صدقے میں ہر مسلمان مرد و عورت کو سنتوں کے مطابق نماز ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

وماعلینا الاالبلاغ المبین

ماخذ و مراجع

☆ القرآن العظیم
☆ فتاوٰی رضویہ
☆ بہار شریعت
☆ بحر الرائق
☆ نور الایضاح
☆ سنت نبوی اور سائنسی تحقیقات

☆ حدیث نبوی اور جدید سائنس
☆ مستند علاج نبوی
☆ Good Health
☆ Islam & Science
☆ Health & Science
☆ What Teaches Islam?

By Mohammad Siddique Qadri's Sister

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network

http://www.NooreMadinah.net

Aurton Ki Namaz

مؤلفہ کی کتب درج ذیل مکتبوں میں دستیاب ہیں

۱۔ مکتبہ المدینہ فیضانِ مدینہ کراچی۔

۲۔ مکتبہ ضیاء القرآن اُردو بازار کراچی۔

۳۔ مکتبہ غوثیہ ہول سیل فرقان آباد کراچی۔

۴۔ مکتبہ اہلِ سنت پرانی سبزی منڈی چاندنی چوک کراچی۔

۵۔ مکتبہ قادریہ پرانی سبزی منڈی اسٹاپ نمبر ۲ کراچی۔

NooreMadinah Network - Complete Islamic Encyclopedia Network
http://www.NooreMadinah.net
By Mohammad Siddique Qadri's Sister